صلوٰۃ تنجینا (تین مرتبہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ
جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِىْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ
الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ
وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا
بِهَآ أَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِى الْحَيٰوةِ
وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ

(زادالسعید)

ترجمہ: اے پروردگار آپ درود نازل فرمائیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود جس کی برکت سے آپ ہمیں ہر مصیبت اور آفت سے نجات عطا فرمائیں، اور اس کے ذریعے آپ ہماری تمام حاجات پوری کریں، اور ہمیں تمام گناہوں سے پاک کریں، اور اپنے ہاں ہمیں اعلی درجات تک بلندی عطا کریں، اور تمام خیروں کی انتہا تک ہمیں پہنچائیں زندگی میں بھی اور موت کے بعد بھی۔

فائدہ: اس درود شریف کی برکات بے شمار ہیں اور ہر طرح کی وباؤں اور بیماریوں سے حفاظت ہوتی ہے اور قلب کو عجیب وغریب اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ بزرگوں کے مجربات میں سے ہے۔